
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : یاسمین قریشی

کلاس 3 کے لئے



## ٹیچر کے لئے نوٹ

- ہمیشہ سے بزرگ کہتے آئے ہیں کہ خواب کو حقیقت میں بدلا جا سکتا ہے۔ بندر بھی اڑنے کے خواب دیکھتا تھا۔ نادر اور تیمور نے اس کے خواب کو حقیقت بنایا۔ ''نادر بندر اور تیمور'' میں یہی بات سمجھائی ہے۔ اس کے علاوہ اس کہانی میں ہم ٹیچرز کے لئے بھی پیغام ہے کہ ہر دن سنجیدہ routine ہوم ورک بچوں کو اکتا دیتا ہے۔ کبھی کبھی creative کام بھی ہوم ورک کے طور پر دینے میں کوئی حرج نہیں ہے تاکہ بچے نادر اور تیمور کی طرح پڑھائی چھوڑ کر باہر نہ بھاگیں۔

## سیشن 1

### گفتگو اور سوال جواب

15 منٹ

- ٹیچر بچوں میں کتابیں تقسیم کرنے کے بعد بچوں کو کتاب کی تصویریں دیکھنے کے لئے کہیں۔ بچے کتاب کی رنگین تصویریں بہت شوق سے دیکھیں گے، اس کے بعد کتاب کے سرورق کی تصویر کے بارے میں سوالات کریں۔

(1) اس تصویر میں کیا ہو رہا ہے؟
(2) کیا عام طور پر ایسا منظر کبھی نظر آتا ہے؟
(3) کیوں نظر نہیں آتا؟

اس کے بعد ٹیچر بچوں سے بندر کے بارے میں پوچھیں

(1) آپ کو بندر کیسا لگتا ہے؟
(2) وہ کیسی حرکتیں کرتا ہے؟
(3) کیا آپ نے کبھی بندر کا تماشا دیکھا ہے؟

کسی بھی بچے کو بلا کر بندر کی نقل اتروائیں۔
وہ کیسے کھجلی کرتا ہے؟ (بچے نقل کر کے بتائیں)۔
وہ کیسی آواز نکالتا ہے؟ (بچے آواز نکال کر بتائیں)۔

### الفاظ کے معنی

15 منٹ

- بچوں کو نقل اتارنے اور کرتب دکھانے پر شاباشی دیں۔ کہانی کی پڑھائی کر وانے سے پہلے اس کے

مشکل الفاظ کو پی میں لکھوا لیں تا کہ بچوں کو کہانی سمجھنے میں آسانی ہو۔ مشکل الفاظ اور ان کے آسان معنی یہ ہو سکتے ہیں۔

| مشکل الفاظ | معنی |
|---|---|
| منتیں کرنا | خوشامد کرنا، کسی کام کے لئے بار بار کہنا۔ |
| خوشی کا ٹھکانا | بہت زیادہ خوش ہونا۔ |
| منہ چڑانا | کسی کو تنگ کرنے یا چڑانے کے لئے منہ ٹیڑھا کر کے دکھانا۔ |
| کرتب | تماشا۔ |
| ڈولتی ہوئی | جھومتی ہوئی۔ |
| ایک ہی جست میں | ایک ہی چھلانگ میں۔ |
| بے دلی | کام میں دلچسپی نہ لینا۔ |

## رائے کی اہمیت

15 منٹ
- بچوں سے ہر معنی کا ایکشن کر وائیں۔ یہ کام مکمل ہو جانے کے بعد ٹیچر بچوں کو آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سنائیں۔ پڑھائی مکمل ہونے کے بعد بچوں سے ان کی رائے پوچھیں کہ آپ کو یہ کہانی کیسی لگی؟

بچوں سے پوچھیں کہ بندر کی کون سی حرکت سب سے اچھی لگی۔ بندر کا پتنگ کے ساتھ لٹکنا، بندر کا پنکھے سے لٹکنا یا کیلے والے کے ٹھیلے سے کیلے اٹھا لینا۔

## گھر کا کام

- کہانی گھر سے پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 2

## پڑھائی اور انگریزی ترجمہ

25 منٹ
- آج دس بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔

پڑھائی کے بعد سبق کے الفاظ اردو میں اور ترجمہ انگریزی میں لکھوائیں۔

| اردو الفاظ | انگریزی ترجمہ |
|---|---|
| پتنگ | kite |
| بندر | monkey |
| کرتب | acrobatics |
| قلابازیاں | somersault |
| گچھا | bunch |
| پریشان | upset |
| مسافر | passenger |
| ہوائی جہاز | aeroplane |

## لکھائی

20 منٹ

- درج ذیل الفاظ کے جملے بنوانے سے پہلے ٹیچر بچوں کو زبانی جملے بنا کر سمجھائیں۔
ہوائی جہاز۔ اونچی۔ اچھال۔ پریشان۔ مقابلہ۔ تماشا۔ مسافر۔ شوق۔ ضد۔

## گھر کا کام

- پتنگ بنانے کے لئے بچوں کو دو گروپ میں تقسیم کریں۔ ہر گروپ کے ہر بچے سے ایک باریک گڈی کاغذ منگوائیں۔ دوسرے گروپ سے گوند' قینچی' بچوں کی تعداد کے حساب سے باریک ڈنڈیاں (جو قلفی والے کے پاس ہوتی ہیں) یا جھاڑو کے تنکے منگوائیں۔


# سیشن 3

## سرگرمی

45 منٹ

- پتنگ بنانے کے لئے جو چیزیں منگوائی تھیں وہ سب بچوں سے لے کر جمع کر لیں۔ اس کے بعد بچوں کو گروپس میں تقسیم کر دیں ہر گروپ میں چار بچے ہوں۔ چیزیں بچوں میں تقسیم کرنے کے بعد اب ٹیچر بچوں کو ایک پتنگ کا نمونہ خود بنا کر دکھائیں۔ ترکیب مندرجہ ذیل ہے۔

پتنگ کے کاغذ کو چوکور شکل میں کاٹ لیں۔
کاغذ کو لمبائی میں ایک کونے سے دوسرے کونے تک تہہ کرلیں اور پھر کھول کر اس نشان پر گوند سے تنکا چپکا دیں۔
اس کے بعد دوسرے تنکے کو الٹے چاند کی شکل (arch) کی طرح ایک کونے سے دوسرے کونے تک گوند سے چپکا دیں۔




- ٹیچر یہ activity کرواتے وقت کوشش کریں کہ کلاس میں نظم وضبط قائم رہے اور وہ ان بچوں کی مدد بھی کریں جنہیں مشکل پیش آ رہی ہو۔ بعد میں تیار کی گئی پتنگوں پر بچوں کے نام لکھ کر ڈسپلے بورڈ پر لگائیں۔

## سیشن 4

### سبق سے سوال

- آج کلاس کے دوسرے دس بچوں سے کہانی کی پڑھائی کر وائیں۔ اس کے بعد درج ذیل سوالات کے جوابات بچوں سے خود لکھنے کے لئے کہیں۔ ٹیچر ایک ایک کر کے سوال لکھیں ہر سوال کا جواب لکھوانے سے پہلے بچوں سے زبانی بات چیت کریں۔ صحیح جواب دینے پر بچوں کو شاباشی دیں۔ 45 منٹ

(1) بندر کو کس چیز کا شوق تھا؟
(2) پتنگ کے ساتھ اڑتے وقت بندر کہاں کہاں سے گزرا؟
(3) آپ کو کون کون سے کام کرنے کا شوق ہے؟
(4) آپ اپنی امی سے کون کون سی باتیں چھپاتے ہیں؟

(5) آپ کے خیال میں کمرے میں بکھری ہوئی کتابیں دیکھنے کے بعد امی نے کیا کیا ہوگا؟
(6) ہوم ورک ملنا چاہیے یا نہیں؟ وجہ بھی بتائیں؟

## سیشن 5

### قواعد

20 منٹ
• پہلے ان دس بچوں سے پڑھائی کروائیں جنہوں نے اب تک پڑھائی نہیں کی۔ اس کے بعد بچوں کو 'یں' اور 'یاں' لکھ کر واحد الفاظ سے جمع بنوائیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| منت | منتیں | پتنگ | پتنگیں |
| چھلانگ | چھلانگیں | ہوا | ہوائیں |
| سڑک | سڑکیں | گیند | گیندیں |
| کتاب | کتابیں | آنکھ | آنکھیں |
| چیز | چیزیں | دیوار | دیواریں |
| قلابازی | قلابازیاں | تالی | تالیاں |
| الماری | الماریاں | کھڑکی | کھڑکیاں |

### مضمون نویسی اور عام سوالات

25 منٹ
• اس کے بعد بچوں سے عنوان ''بندر کا تماشہ'' پر مضمون لکھوائیں۔ یہ کام کروانے سے پہلے بچوں سے درج ذیل سوالات کریں تاکہ انہیں مضمون لکھنے میں آسانی ہو۔

(1) آپ نے تماشہ کب اور کہاں دیکھا؟
(2) مداری کے ہاتھ میں کیا چیز تھی؟
(3) بندر نے کیسے کپڑے پہنے تھے؟
(4) اس نے کون کون سے کرتب دکھائے؟
(5) آپ کو کون سا کرتب سب سے زیادہ پسند آیا؟
(6) بندر کا تماشہ دکھانے والے کو کیا کہتے ہیں؟ (مداری)

## گھر کا کام

- درج ذیل الفاظ املا کے لئے لکھوائیں۔ کل کلاس میں املا ہوگا۔

مسافر۔ ٹھکانہ۔ اونچی۔ سیدھا۔ مقابلے۔ قلابازی۔ گچھا۔ پریشان۔ بکھری۔

## سیشن 6

### املا

20 منٹ
- بچوں سے املا لینے کے بعد ان کی کوپیاں ایک دوسرے سے تبدیل کر وائیں اور پھر بورڈ پر املے کے الفاظ لکھیں تاکہ بچے اپنی غلطیوں کی اصلاح کر سکیں۔ صحیح املا کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

25 منٹ
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ وہ کون کون سے کھیل گھر کے اندر کھیلتے ہیں؟ اور کون سے باہر کھیلتے ہیں؟ ٹیچر بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اس موقع پر ہر بچے کو بولنے کا موقع دیں۔

| گھر کے اندر کھیلے جانے والے کھیل | گھر سے باہر کھیلے جانے والے کھیل |
|---|---|
| لوڈو | کرکٹ |
| شطرنج | ہاکی |
| کیرم بورڈ | وولی بال |
| سنوکر | فٹ بال |
| کمپیوٹر | بیڈمنٹن |
| پلے اسٹیشن | پتنگ بازی |
| | سائیکل پر سیر |
| | دوڑ لگانا |

### نوٹ

- بچوں کے بتائے ہوئے کھیلوں کے نام پہلے لکھیں۔ جب وہ بتانا بند کر دیں تب مندرجہ بالا نام لکھیں۔ اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے کسی بھی پسندیدہ کھیل کے بارے میں لکھیں۔

# سیشن 7

## قواعد

- 25 منٹ — آج سبق کی پڑھائی کے بعد ٹیچر بچوں سے ہم آواز الفاظ لکھوائیں جیسے۔
  پتنگ۔ رنگ برنگ۔ متوالی۔ آئے۔ جائے۔ نرالی۔ دنگ۔ سنگ۔

- 20 منٹ — اس کے بعد بچے اپنی مرضی کے مطابق ان الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے نظم لکھیں۔

میری پتنگ سب سے نرالی
رنگ اس کا ایسا جیسے لالی
دیکھ کے اس کے رنگ
سب رہ گئے دنگ
اونچی اونچی اڑتی جائے
ہاتھ کسی کے وہ نہ آئے
کیونکہ یہ ہے میری پتنگ
جو رہتی ہے میرے سنگ

## گھر کا کام

- بچوں کو درج ذیل الفاظ کی ضد لکھنے کے لئے دیں۔

| الفاظ | ضد | الفاظ | ضد |
|---|---|---|---|
| بہت | کم | بند | کھل |
| بیٹھا | اٹھا | آئیں | جائیں |
| پکڑی | چھوڑی | اونچی | نیچی |
| خوشی | غم | نہیں | ہاں |
| آگے | پیچھے | ختم | شروع |

# سیشن 8

## قواعد

25 منٹ
- ہوم ورک کی کوپیاں جمع کرنے کے بعد بچوں کو صفت اور موصوف کے بارے میں بتائیں۔
- صفت وہ کلمہ ہے جو اسم (noun) کو واضح کرے۔ مثلاً

یہ سیب لال ہے۔ یہ آم میٹھا ہے۔

- ان مثالوں میں سیب اور آم موصوف ہیں جبکہ لال اور میٹھا صفت۔ اب بچوں سے کوپیوں میں دو کالم بنوائیں۔ پھر ہر بچے سے باری باری پڑھائی کر وائیں اور جہاں صفت اور موصوف آئے کوپی میں لکھوائیں۔ اس طرح بچوں کی پڑھائی بھی ہو جائے گی اور صفت اور موصوف کی بھی پہچان ہو جائے گی۔

| صفت | موصوف |
|---|---|
| اڑتے | بادل |
| ڈولتی | پتنگ |
| کٹی | پتنگ |

20 منٹ
- درج ذیل مرکب الفاظ کے جملے بنوائیں۔ پہلے ہر لفظ کے بارے میں زبانی بات چیت کریں تاکہ بچوں کو الفاظ کا استعمال آئے اور جملے بنانے میں مشکل نہ ہو۔ (اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ ہر بچے کو بولنے کا موقع ملے)۔

**الفاظ**

| | | |
|---|---|---|
| بجاتے بجاتے۔ | آتی جاتی۔ | ڈولتی ڈولتی۔ |
| ڈھونڈتے ڈھونڈتے۔ | چھپتے چھپتے۔ | کھٹ پٹ۔ |

## اضافی کام

- اسکول میں کسی بندر والے کو بلا کر ''بندر کا تماشہ'' کر وائیں۔
- کسی پتنگ والے کو بلائیں جو بچوں کو پتنگ کے کنے باندھنا اور پتنگ اڑانا سکھائے۔

# نادر بندر اور تیمور

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ ' کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

ہم Muslim Commercial Bank Ltd. کے شکرگزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

اس کتاب کی ٹیچرز گائیڈ بُک گروپ سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale